امریکی محکمہ انصاف کی کمیونٹی ریلیشنز سروس

قدرتی آفات سے متاثر ہونے والی کمیونٹیز کے ساتھ کام کرنا

نازعات میں ثالثی کرکے اور مستقبل میں ہونے والے تنازعات کو آزادانہ طور پر روکنے اور حل کرنے کیلئے کمیونٹی کی صلاحیت میں اضافہ کرکے سی آر ایس تنازعات کا شکار ہونے والی کمیونٹیز کیلئے "امریکہ کے پیس میکر" کے طور پر کام کرتا ہے۔

1964 کے شہری حقوق ایکٹ کے عنوان X   اور میتھیو شیفرڈ اور جیمز برڈ جونیئر کے تحت نفرت انگیز جرائم سے بچاؤ ایکٹ 2009 کے ذریعہ سی آر ایس نسل، رنگ ، بنیادی قومیت ، صنف ، صنفی شناخت ، جنسی رجحان ، مذہب اور معذوری کے حوالے سےکمیونٹی میں ابھرنے والے تنازعات کے حل میں مدد دیتی ہے۔ سی آر ایس کے پاس قانون نافذ کرنے یا تحقیقات کرنے کے اختیارات نہیں ہیں۔ تاہم سی آر ایس تنازعات کا شکار کمیونٹیز کے ساتھ مل کر کام کرتی ہے تاکہ باہمی تعلقات کو دوبارہ استوار کرنے، باہمی افہام و تفہیم کو فروغ دینے   اور مقامی سطح پر حل تلاش کرنے کی کوششوں کی حوصلہ افزائی کی جا سکے۔

سی آر ایس کے صلح کار رضاکارانہ اور بغیر کسی قیمت کے آزادانہ طور پر ریاستی اور مقامی عہدیداروں ، برادری پر مبنی تنظیموں ، برادری اور شہری حقوق کے حمایت کرنے والے کارکنوں ، عقیدے پر مبنی گروپوں اور قانون کے نفاذ کے ساتھ براہ راست کام کرتے ہیں۔ سی آر ایس غیر جانبدار تیسرے فریق کے طور پر کام کرتا ہے ، اور اس کی خدمات مفت اور خفیہ ہیں۔

سپاٹ لائٹ کیس

سی آر ایس کو اگرچہ قدرتی آفات سے نمٹنے کا کام نہیں دیا گیا ہے ، یہ متاثرہ کمیونٹیز کے ساتھ مختلف طریقوں سے کام کرتی ہے۔ تاریخی نقصان پہنچانے والے 2017 کے تباہ کن سمندری طوفانوں کے بعد سی آر ایس کو امدادی کاموں کے حوالے سے   FEMA کی مدد کیلئے منتخب کیا گیا تھا۔

جنوبی فلوریڈا کے علاقے گلیڈز میں سمندری طوفان ارما سے بچنے والے افراد کی مدد کے لئے FEMA کی سرج کیپیسٹی فورس کے ساتھ سی آر ایس پروگرام کی ماہر نتالیا کیسالا تعینات ہیں۔ FEMA کی بین الاقوامی امور کی ماہر کی حیثیت سے خدمات انجام دیتے ہوئے انہوں نے مقامی کمیونٹی کی امدادی کوششوں کے ساتھ ساتھ سمندری طوفان ارما سے بحالی کے لئے رابطہ کاری کی۔ اس دوران انہوں نےمقامی اہلکاروں کی طرف سے نشاندہی کیے گئے تباہی کا شکار علاقوں میں براہ راست خدمات روانہ کرنے کی غرض سے   ریاستی اور مقامی حکومتوں کے ساتھ مل کر کام ۔ نتالیا کمیونٹی کے تعلقات اور سہولت کے بارے میں اپنی مہارت کو بروئے کار لانے میں کامیاب رہیں تاکہ بحالی کی کوششوں میں شامل مختلف اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر کمیونٹی کیلئے ریلیف فراہم کیا جاسکے۔

فوٹو منجاب محکمہ انصاف/ نتالیہ کیسیلا

سی آر ایس کمیونٹیز کو چار منفرد خدمات مہیا کرتی ہے

مکالمے کا اہتمام۔ سی آر ایس کمیونٹی اسٹیک ہولڈرز کے مابین مکالمے کیلئے رابطوں کو فروغ دینے میں مدد فراہم کرتی ہے

ثالثی۔
سی آر ایس ثالثی کی خدمات فراہم کرتی ہے تاکہ برادریوں کے درمیان براہ راست مذاکرات کے ذریعے تنازعات اور تناؤ کو دور کیا جاسکے۔

تربیت۔
سی آر ایس کے تربیتی پروگرام ریاستی اور مقامی سرکاری ایجنسیوں ، مذہب پر مبنی تنظیموں ، قانون نافذ کرنے والے اداروں ، وکالت کے گروہوں ، اور دوسرے گروہوں کے نمائندوں کو اکٹھا کرتے ہیں تاکہ مشترکہ تفہیم کو فروغ دیا جاسکے اور معاشرتی تنازعات کو کم کرنے کے لئے باہمی تعاون کے نقطہ نظر کی نشاندہی کی جاسکے۔

مشاورت۔
سی آر ایس کمیونٹیز کو تنازعات سے زیادہ موثر انداز میں نمٹنے کیلئے مشاورت کی خدمات پیش کرتی ہے

سی آر ایس کی خدمات کے بارے میں مزید معلومات کیلئے
202-305-2935 پر فون کریں، askcrs@usdoj.gov پر ای میل بھیجیں یا اس پتے پر رابطہ کریں: www.justice.gov/crs

facebook.com/DOJCRS/   @DOJ_CRS